108414 ـ رمضان المبارك میں شدید سردرد کا شکار ہو گیا

سوال

رمضان المبارك میں مجھے دانت کی بنا پر شدید قسم کی سردرد ہوئی کیا میں روزے کی حالت میں گولی استعمال کر سکتا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شدید قسم کی سردرد ان امراض میں شامل ہوتی ہے جن کی بنا پر روزہ چھوڑنا مباح ہے، اور خاص کر وہ روزہ جس کی بنا پر سر درد میں اضافہ ہو، اس لیے جسے ایسا ہو تو اس پر روزہ چھوڑنے میں کوئی حرج نہیں تا کہ دوائی کھا سکے، اور سردرد ختم کرنے کے لیے وہ کھا پی سکتا ہے.

لیکن رمضان المبارك کے بعد اسے اس روزے کی قضاء کرنا ہوگی.

اس لیے کہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور جو کوئی بیمار ہو یا مسافر تو وہ دوسرے ایام میں گنتی پوری کرے البقرۃ (185).

حنفی کتاب " الجوہرۃ النبیرۃ " میں درج ہے:

" جس بیمار کو روزہ رکھنے کی بنا شدید قسم کا بخار ہو جاتا ہو یا پھر آنکھوں یا سردرد ہونے لگے تو اس کے لیے روزہ چھوڑنا مباح ہے " انتہی

دیکھیں: الجوہرۃ النبیرۃ (1 / 142).

واللہ اعلم .